صد شکر کہ ہستیم میان دو کریم	یارب تو کریمی و رسول تو کریم

بنی ۵۶ جب نور اوس کے سبب مخلوق اور عالم — تو رب العالمین کی کرنہ ہو یہ ساری کثرت کا

۵۶ یعنی جب تمام عالم اور ساری مخلوق اوس نور خدا سے جو نبی امی ہیں پیدا ہو کر ظہور میں آئے تو پرورش بھی سارے عالم کی سایۂ رحمت میں قرار پائی۔ کیونکہ اُمّی کے معنی اصل کے ہیں لہذا آپ اصل موجودات حادثہ واقع ہوئے۔ پس آپ کی ذات پاک کا مربّی عالم کثرت ہوتا ظاہر۔ اور آپکا نور پاک چونکہ نور خدا سے ظہور پایا پس وجود باجود صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم ظل خدا ٹھہرا کہ وہی رب الارباب ہے اور وہی آپ کا مربی۔ اور یہی مقصود رب العالمین ہے واللہ اعلم جیسا مناسب مقام کسی کا شعر ہے۔

شکر فیض تو چمن چون کند ای ابر بہار — کہ اگر خار و گر گل ہمہ پروردۂ تست

یہی محبوب حق کا ہی پیارا خدا کا — یہی صاحب ہمارا مربی ساری خلقت کا

۵۷ معلوم ہوا کہ یہی محمود حق ہے۔ یہی محبوب حق ہے۔ یہی خدا کا پیارا۔ یہی سب کا مالک اور یہی سب کا صاحب ہے چنانچہ قول حق ہے وَابْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا ۝ اور اے حبیب تم کو تمہارے رب نے مقام محمود کے لئے پیدا کیا بتلائیے کہ کون ایسا مربی ہے جس کے طفیل تمام انس و جان۔ یہ سب زمین و آسمان بلکہ تمام کون و مکان ظہور میں آئے۔ فی الحقیقت لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ ۝ اوسی کی شان میں زیبا و شایان ہے

شعر

جہان میں شور ہے یا رب یہ کس کی آمد آمد کا — کہ ہے پرتو فگن عالم میں جلوہ حسن سرمد کا

۵۸ وہی تو مقتدا سب کو فقط اظہار ہستی کا — پڑا یا ظل رحمانی میں ورا اوسکی رحمت کا

۵۸ ذات پاک سرور عالم سے جو تمام مخلوق کی ابتدا ہونے کی اور آپ سے تمام عالم کے ظہور پانے کی شہرت پائی اور ذات مطلق نے جو آپ کو اولیت و تقدم عطا فرما کے

اپنے سایہ رحمت میں آپ کی رحمت عام جلوہ گر فرمائی تو اس سے آپ کی رحمت کو صرف سرداری اور ابتدائے عالم ہونے کے لئے ہی منحصر نہ فرمایا بلکہ اپنی رحمت خاص سے ظل رحمانی کے ضمن میں لے کر آپ کو رتبہ عالی اور توفیق حالی کے عطا فرمانے کا بھی اعلان دیا۔ یعنی اس سدا بہار گلزار کو قدم و حدوث کی خوشبوؤں سے سراسر بسا کر اور سنبل کی طرح اوسکی زلفوں کے دام پھیلا کر جانوں کے پھندے اُس میں اولجھا کر مقید کر دئے اور بارش ازلی اور نسیم ابدی سے اوس کو تر و تازگی عطا کر کے اپنی دید کو اس آئینہ میں جلوہ نما کیا اور اپنا تقدس آپ کی تقدیس کے متعلق فرمایا صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم زہے جمال و زہے کمال کسی نے خوب کہا ہے شعر

تقدیر بہ یک ناقہ نشانید دو محمل		سلمائے حدوث تو و لیلائے قدم را
تقدیر نے ناقہ پہ کسے خوب دو محمل	ترجمہ	سلمائے حدوث آپ کا لیلائے قدم کا

چنانچہ یہی مضمون رَحْمٰن و رَحِیْم کی تفسیر میں نظم لاحق میں بخوبی ظاہر ہے

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

۵۹ یہ رحمن ورحیم اپنی جو لکھی ہے حق نے دو صفتیں		رکھا اس میں اک ایسی نکتہ باریک بہت رویت کا

۵۹ ان دو صفتوں رحمن و رحیم کی تخصیص سے معلوم ہوا کہ دید انوار قدیم شمع جمال حبیب کریم کی جلوہ نمائی میں منحصر ہے تا وقتیکہ موافق فرمان مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ ۝ دیدار فیض آثار حضرت حبیب کردگار سے فیض یاب نہ ہو نہ دیدار انوار قدیم پروردگار سے کیسے بہرہ یاب ہو۔ اور یہہ مضمون ایک نکتہ پر محمول ہے یعنی نکتہ رحیم حلقہ دار جو گیسوئے لام کمندوار کے نیچے پوشیدہ ہے اوسی میں روے انور کا ظہور اور چہرۂ دلدار کا دیدار نمایاں ہے کہ یہاں ایسے بند کھنگ

سو اکیا چارہ۔ اور اس سے بھی جو بہت ہی باریک نکتہ جھلک مار رہا ہے اوس کا بیان نظم لاحق سے عیان ہو رہا ہے۔ چنانچہ مناسب محل یہہ بھی ایک شعر ہے خوب کہا ہے۔

ادوہر اللہ سے واصل ادہر مخلوق سے شامل	خواص اوس برزخ کبریٰ مین ہے حرف مشدد کا
نقاب ۱۵ زلف وہ جو عارض رو منور تہا	چھپا وان میم تہا درج دہان پاک حضرت کا

۱۵ یعنی زلف لام کہ صفحۂ الحمد مین چہرۂ زیبا ے احمد پر مانند نقاب عارض ہوا ہے اوس مین میم پوشیدہ ہے۔ جیسا ارشاد ہوا الـحـمـد یعنی میم تحت الف لام ہے۔ پس اوّلیت و بدایت اور خلقت و بعثت کا اسی سے اظہار ہوا۔ اور جو اسم مبارک محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا ابتدی قرار پایا یعنی اسم مبارک کی ابتدا اسی حرف سے ہوئی۔ مطلب یہہ کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنا جمال و کمال آئینۂ روے پاک احمد مین دیکھا خواستگار حمد ہوا پس ابتدا آپکی محمودیت کثیرہ سے فرمائی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم (جیسا کہ اسم مبارک محمد کے یہی معنی ہین اور اوس سے یہی مراد ہے م تا کہ انوار حبیب کو بعث فرما کر اسی مشکوٰہ کے اظہار مین اپنا اظہار کرے۔ چنانچہ آپ کے نور کی تخلیق فرما کر انبیا کے حجابات مین پوشیدہ رکہا۔ اور ذاتی حمد کو حضور کے محامد صفاتیہ مین محجوب کیا صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم۔ اور جب دہانِ مبارک صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے کہ درج میم کی طرح ہے آپ کی بعث رسالت کا چالیسوین سال سے کہ میم کے عدد ہین اظہار ہوا تو بالکل حجاب اوٹھا کر ذات سے جلوہ گری فرمائی۔ اور اس سے پہلے لیلاے لام کے پردہ مین جس کے تیس عدد ہین نکتہ کیطرح میم حجاب مین پوشیدہ تہا۔ حاصل یہہ کہ وہ ذات تعالیٰ شانہ حبیب کی تیس سالہ عمر تک خاص خلوت حبیب مین اپنے آپ کا خوب سراہنے والا تہا جیسا لفظ الحمد کے معنی سے سمجہا جاتا ہے۔ اور بعد

چالیس کے دہانِ مبارک حبیب سے بیحد و نہایت سراہا گیا جیسا لفظ محمدؐ کے
معنی سے مراد ہے۔ اور یہین سے یہہ بات ظاہر ہے کہ اہل ظاہر کے واسطے
ہدیہ زکوۃ چالیس پر واجب ہوا تا چالیس مین سے ایک کہ یکتائی اوسی کو زیبا ہے علیحدہ
کرین اور اس ادب کو ملحوظ رکہین۔ بہ خلاف اہل خلوت و نیاز کہ مسکین لوگ ہین کیونکہ
حبیب مسکین کی خواہش تہی کہ فرمایا اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ اَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ احْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ
الْمَسَاکِیْنَ ۝ اے اللہ مجھکو مسکینون مین زندہ رکہیو اور مجھکو مسکینون مین ماریو اور میرا حشر
بہی گروہ مساکین مین کیجیو۔ اونکا ہدیہ زکوۃ اونکی جان فروشی ہے کیونکہ اسرار کی آگہی
اور احوال جلال کے سبب خود سے وارستگی۔ و جمال پر شیفتگی۔ جان سے بیپروائی
اسی بات کی مقتضی ہے۔ لہذا معذور ہین جیسا اَلْمَجْنُوْنُ مَعْذُوْرٌ دیوانہ معذور ہے
واللہ اعلم بالصواب۔ اور یہہ بات کہ زلف لام کے نقاب مین ہیچ و ہانِ میم پوشیدہ
ہے الفاظ رحمٰن و رحیم مین تفریق کرنے سے ظاہر ہوگی۔ اس کا بیان نظم لاحق
مین موجود ہے ۵

ہلال عیدؐ کی صورت مین وہ عقدہ ظاہر ہوا	کہ نشاۃ و جلوۂ و سیمین مین جلوہ ہے قدرت کا

۵۱ یعنی عقدۂ میم کا رحمٰن کے نون مین کہ ہلال صورت ہے اول ظاہر ہوا اس واسطے
کہ عید کا ظہور رویت ہلال پر ہے جیسا ارشاد ہوا۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ۙ
مَآ اَنْتَ بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ بِمَجْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّ لَکَ لَاَجْرًا غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ
عَظِیْمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَیُبْصِرُوْنَ ۙ بِاَیِّکُمُ الْمَفْتُوْنُ ۝ اے نون و صاحب
نون قسم ہے اس قلم یا اہل قلم کی اور جو وہ لکہتے ہین۔ تو فضل رب سے دیوانہ نہین
ہے۔ بلکہ تیرے واسطے بے حد اجر مقرر ہے۔ اور تو بیشک اخلاق عظیم اور کامل

خوبیون پر مبعوث ہوا ہے سو اب تو بھی دیکھ لیگا اور وے بھی دیکھ لین گے۔ کہ کون تم مین سے مفتون ہے اس آیت شریف مین حضرت رحمٰن کارکنان قضا و قدر کی قسم کہا کر اپنے حبیب صاحب نون و صاحب ہلال کی خوبیان و فضل و بخشش عظیم کا ذکر فرما کر پیشین گوئی فرماتا ہے کہ اس رحمت رحمانی کے نازل ہونے پر (جس سے مراد حقیقت محمدی کا ظہور ہے) عنقریب معلوم ہو جاویگا کہ کون راہ پر لگا اور کون راہ سے بچلا۔ کون کس کا شیدا ہے اور کون کس پر فدا۔ پس جس نے فدائی بنکر اس رحمت رحمانی کے انوار سے جو مثل قوس تابان ہوتے ہین عکس حاصل کیا۔ اور اس خم ابروے یار کی محراب عبادت مین سجدۂ طاعت کیا اوس روزہ دار متقی ماسوی اللہ نے ہلال عید دیکھ لیا۔ گویا یہ رویت ہلال حقیقت محمدی عید عشاق ہے۔ اور جلوۂ قدرت کے لیے یہی صنعت براعۃ الاستہلال ہے کہ علم صنایع صانع مین اس صنعت کا ظہور ابتدا مین ہوا ہے جیسا علم صنایع سے معلوم کرو۔

اب یا اَیُّ رحیم مین کہ ہلال تفریق ہے غور کروگے تو معلوم ہوگا کہ یہ ہلال اوس بدر حقیقی کی تکمیل کے واسطے جو ظل آفتاب حقیقی ہی بالمقابل واقع ہوا ہے جیسا ارشاد ہوا یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ اے سردار اے صاحب نون و یا کامل الیسین قسم ہے اس حکمت والی کلام کی بیشک تو اونہین بھیجے ہوؤن مین سے ہے۔ راہ راست پر ہے۔ اس حکمت والے کلام عزیز و رحیم کا نازل کرنا اس لئے ہے کہ تو اوس قوم کو جن کے باپ دادا نہین ڈرائے گئے ہین ڈراوے۔ پس وے غافل ہین۔ جیسے آیت سابق مذکورہ مین تشویق تھی اس آیت مین تخویف ہے یہ ظاہر کرکے کہ یہہ محبوب کہ صاحب کلام حکیم موصوف بہ جوامع الکلم

مظہر تام بدر کامل معروف بہ عروۃ وثقیٰ۔ صراط مستقیم رسول خداوند کریم ہے۔ بڑا زبردست
وصاحب قدرت ہے۔ اور بے حد رحمت والا ہی ہے اس سے ڈرو۔ اور اس کا
ادب و تعظیم ملحوظ رکھو۔ غافل مت ہو۔ کیونکہ اس کلام حکمت والے کے بھیجے ہیں کہ سراسر
ٹھیک و درست و راہ راست پر ہے غلبۂ حق و رحمت دونوں کا اظہار ہے پیشین گوئی فرماتا ہے
کہ اوس کا غلبہ دلوں میں ہیبت پیدا کریگا اور اوسکی رحمت دلوں سے غفلت کے پردے
اوٹھاویگی واللہ اعلم بالصواب۔

پس الفاظ رحمٰن و رحیم کے حروف مفردات میں فکر کرنے سے ظاہر ہوتا ہے۔
کہ سوائے نون و یا کے جو مثل قوسین رخ انور پر ہالہ کئے ہوئے ہیں کوئی تفاوت
نہیں ہے معلوم ہوا کہ یہی نقاب دونوں گونہ یا کا رخ انور پر حجاب واقع ہوا ہے جسکے
اولٹنے سے صورت وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ نمایان ہو جاتی ہے یعنی لو چاند نکل آیا۔ اور
اسی کے اوٹھانے سے وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ جلوہ نما ہو جاتا ہے یعنی لیجئے اب بدر
کامل آفتاب حقیقی کا روشن ہو گیا۔ حاصل یہہ کہ عدد یا چودہ میں ہیں سبب عدد نون سے
کہ پچاس ہیں تفریق کیجئے تو عدد میم کہ چالیس ہیں ظاہر ہو جاتے ہیں چنانچہ فرمایا۔
الٓمٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۚ جیسا اشارتاً ابتدا میں مذکور ہو چکا۔
فَهِمَ مَنْ فَهِمَ لہذا معلوم ہو گیا کہ نکتۂ میم قدرت ہالہ قوسین میں جلوہ نما ہے۔ اور
یہہ ہالہ قوسین نون و یا کے تقابل و تفریق سے ظاہر ہوتا ہے یہاں سے یہ مضمون
بھی نکلتا ہے کہ حقیقت محمدی ظل رحمانی کے ضمن میں ہو کر مقام قاب قوسین میں
جلوہ گر ہے جو اربعین میں ظہور پاتی ہے اور ایک عشر میں حاصل ہوتی ہے اور یہی بیت المال
اسلام کی مقدار ہے پس یہہ مقام علی و عالی ہے۔ جب ایک عشر اوس سے اور تفریق
کریں تو مقام منزہ ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہہ حقیقت احمدی ہے کہ یہ وہ ذات الامم

مین مستور ہے اور اسکی تخصیص و تعریف لام الحمد اور لام الرحمن سے عیان ہے جیسا
کہ معہود اہل عرفان ہے واللہ اعلم و علیہ التکلان **شعر**

این نکتہ کہ سربستہ چون غنچہ دارد	چون گل نہ دردِ دامن کسے بو آرد

راقم خامہ دست کاتب مین سرنگون و گریان ہے - مدعاے ناکام صورت حال سے
عیان ہے - صریرِ پے ہنگام جاری ہے - کوئی نہین جانتا کہ اسکے دلِ درد انگیز
مین کیا زخم کاری ہے کہ زبان بھی دو پارہ ہو کر حرف مطلب کے بیان مین عاری
ہے گویا زبان حال سے گویا ہے - صورت بیین حالم مپرس - اگر گویم مشکل و گرنہ گویم
مشکل **شعر**

ہمین سرایم و آنچہ از لب نطقم داد	دگر بہ گو کہ بیان از کجا و کے آرم

این است کہ ہیچو خامہ سرگردان و حیرانم - و حق ہمو است کہ اللہ اعلم

جب اس دریاے رحمت مین ہوا ناخدا تمسا	**نہ بیڑا پار ہو کیونکر بھلا کشتیِ امت کا**

جب اس دریاے رحمت رحمانی مین کہ ناپیدا کنار ہے اے رحمۃ للعالمین جیسے تم سا
ناخدا ہو کشتیِ امت کیسے ساحلِ نجات پر نہ لگے جیسا نونِ رحمن کہ کشتی روان کیطرح
نمایان ہے اوس مین میم محمدؐ ہی ناخدائی کے واسطے شایان ہے پس جو کام کہ
اس اسم مبارک کے توسل سے مدح و ثنا کے ضمن مین مانگا جاوے رحمت سرمدی
سے بتائید ایزدی سرانجام پذیر ہو گا اس لیئے کہ فرمان خدا جو حق ہے روشن ہے
فَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ہ یعنی پھر اس رسول نے
جن کے واسطے مغفرت طلب کی تو اونہون نے اللہ کو تواب و رحیم ہی پایا یعنی اونکی
طرف اللہ بڑا ہی متوجہ اور بڑا ہی مہربان ہو گیا - کیا کہا ہے کسی نے گویا موتی پروئے ہین

شعر

چونام این است نام آور چه باشد | بکرم تر بود از هر چه باشد

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○

۱۳ ہوا مالک وہ یوم الحشر کا تو دوستی سے کو | کیا اپنا حبیب خاص اور مالک شفاعت کا

۱۳ چونکہ اللہ تعالیٰ موافق فرمان اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ اللہ مومنین کا ولی ہے
اہل ایمان و دین یعنی قیامت کے دن کا مالک ہے اوس نے اپنی مالکیت کا اظہار
پردہ شفاعت مین فرمایا۔ اور وہ میم محمد جو پردہ قوسین مین یعنی رحمن و رحیم کے حجاب
مین پوشیدہ تہا یہان اظہار کرکے مالکیت کی ابتدا اوس سے فرمائی تا کہ جس شخص کے
لیئے اوس کا حبیب خاص کہ شفیع مختار اور مالک اذن عام ہے سفارش کرے اور
ایمان سکہلاوے رحمت خدا اوس کو گہیر لیوے اور دریای رحمت مین اسکو داخل کرکے
کشتی امت مین جگہہ عنایت فرماوے

شعر

چہ غم دیوار امت را کہ باشد چو تو پشتیبان | چہ باک از موج بحر آنرا کہ باشد نوح کشتیبان

اور اس مالکیت کا پورا جلوہ حشر کے دن ظاہر ہوگا جیسا نظم لاحق سے مفہوم ہوگا۔

۱۴ مدارج آپ کے اول سے آخر کیون نہ ہون بہتر | کہلیگا حال محشر مین تمہاری شان و شوکت کا

۱۴ یعنی مراتب و مدارج بہ تمامہ کہ اون کی ابتدا آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم سے
ہے آپ کے سایہ مبارک مین موافق اس آیہ شریف وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى
یعنی البتہ آخر یہ آپ کے لیئے اولی سے بہتر ہے۔ اون کو روز افزون ترقی ہے چنانچہ
آخرت مین آپ کی شان و شوکت ظاہر ہو جاویگی۔ اور آپ کے انوار و جمال تمام عالم

آنکھون مین جو اس وقت مثل ستارون سکے آپ کے اظلال حجاب مین یعنی عکسون کے پردون
مین چمک رہے ہین آفتاب کی طرح بے حجاب ہوکر چکاچوند پیدا کرین گے۔ پس یہہ مالکیت
جو ذاتیہ اور خاص شانیہ صفتون کے دسون پردون مین پوشیدہ تھی ابتداے یوم سے
اشارت فرماکر اور چھون جہتون کو گھیر کر ذات وصفات سے اوس کو محدود کیا پھر اربع عناصر
کی صورت کا خلعت پہناکر اور درمیان دین اوسکی قرارگاہ مقرر فرماکر آخر دریاے رحمانی
کے سایہ مین اوس کو بلندی عنایت فرمائی۔ یعنی مالکیت کی ابتدا چالیس سے جیساکہ میم
کی عدد مین فرماکر اور انتہا پچاس پر جو دین کے عروج و انتہا کا دن ہے مٰلِکِ کی صورت
مین کہ مالک کی دوسری قرأت مَلِکِ بھی آئی ہے موافق مراد اس آیت شریف۔
اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ہ کے جلوہ فرماکر تمام شان و شوکت اوس پر
ایثار فرمائی کہ حشر مین برملا ظاہر کریگا۔ جیسا حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ
کا قول ہے۔ شعر

من از آن حسن روز افزون کہ یوسف داشت دانستم	
	کہ عشق از پردۂ عصمت برون آرد زلیخا را

اگر غور سے دیکھین تو یہ اشارات و تعلقات حروف و اعداد حروف آیت شریف
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ہ سے بہ خوبی ظاہر ہوتے ہین تشریح کو بحث طویل چاہیے
اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْہِ الْاِشَارَۃُ۔ مزید برآن اس مالکیت کا بیان دوسرے
رنگ مین نظم آیندہ سے بھی ظاہر ہو رہا ہے۔

یہ ہے محبوب و مظہر ہی مقام خاص محمودی [۱۵]	جو مالک عرش رحمانی ہو دسوین معیت کا

۱۵ یعنی اس ذات مطلوب کو جو نور دل اور بسیدون اور حق کی ہمہ صفتون کا خزینہ ہے

(موافق اس آیت شریف فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی اوس نے وحی بھیجی اپنے
بندہ پر جسقدر کہ وحی بھیجی۔ اور موافق مضمون اس حدیث قدسی یا نُوْرَ نُوْرِیْ وَیَا
سِرَّ سِرِّیْ وَیَا خَزَائِنَ مَعْرِفَتِیْ اَفْدَیْتُ مُلْکِیْ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ مِنْ لَدُنِ الْعَرْشِ
اِلٰی تَحْتِ الْاَرْضِیْنَ کُلُّھُمْ یَطْلُبُوْنَ رِضَائِیْ وَاَنَا اَطْلُبُ رِضَاکَ یَا مُحَمَّدُ
اے میرے نور کے نور اور اے میرے بھید کے بھید اور میری معرفتون کے خزانے
مین نے اپنا ملک اے محمد تجھپر فدا کیا۔ عرش سے لیکر تحت الثریٰ تمام زمینون کے
نیچے تک جسقدر میری مخلوق ہے کل میری خوشنودی کی طالب ہے۔ اور مین اے
محمد تیری خوشنودی کا طالب ہون) محبوبیت اور محبیت اور مظہریت اور محمودیت اور
مالکیت اور استوی عرش رحمانی اور رتبہ قاب قوسین اور معیت اور قربیت اور احاطت
اور شفاعت اور عبودیت اور عبدیت وغیرہ وغیرہ تمام مرتبون اور درجون سے بڑائی اور عزت
بخشی جیسا محبوبیت کی نسبت فرمایا قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ الخ یعنی کہدیجئے اے
حبیب میرے اگر تم اللہ کو چاہتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تمکو محبوب کرلے گا۔ اور
نسبت محبیت جیسے وَیُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ الخ وے اللہ کی محبت کی طرح انکی
محبت رکھتے ہین اور جو مومنین ہین گرویدہ خدا ہین اللہ کی محبت مین سخت گرویدہ ہین۔
اور مظہریت جیسے اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ الخ اے ہمارے
حبیب جو تمسے بیعت کرتے ہین یقینی وہ اللہ ہی سے بیعت کرتی ہین اللہ کا ہاتھ انکی ہاتھون پر ہے اور وَمَا
رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی ٥ اور جسوقت آپنے مٹھی بھر خاک پھینکی تھی
آپ نے نہین پھینکی تھی ولیکن اللہ نے پھینکی۔ اور نیز حدیث شریف جیسے مَنْ رَاٰنِیْ
فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ ٥ جس نے مجھکو دیکھا اوس نے بیشک اللہ کو دیکھا۔ اور محمودیت
جیسے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الخ اور اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ٥ آپ کا رب

آپ کو مقام محمود میں کھڑا کریگا۔ اور مالکیت جیسے مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ٥ اور دوسری قرأت میں مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ٥ اور يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ الخ وے فردوس کے مالک ہونگے۔ اور استوائے عرش رحمانی جیسے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ٥ قسم ہے اس رحمان کی کہ عرش پر مستوی ہے۔ اور اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ یہ رحمن اور رحیم ہے اور مرتبۂ قاب قوسین جیسے فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ٥ اور ہوگیا قاب قوسین یا اوس سے بھی زیادہ نزدیک۔ اور غلبہ وقوت جیسے وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ الخ اور زور و غلبہ اللہ ہی کا اور اوس کے رسول کا اور مومنین کا ہے ولیکن منافق نہیں سمجھتے ہیں۔ اور معیت جیسے وَاللّٰهُ مَعَكُمْ اور اللہ تمہارے ساتھ ہے۔ اور قربت و احاطت جیسے وَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اور میں بیشک قریب ہوں۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ اور اللہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور شفاعت جیسے مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ الخ کون ہے یہ وہ ہے جو اللہ کے پاس شفیع مختار ہوگا لیکن عدم شفاعت کہ اوسکی شان کے خلاف ہے اللہ کے اذن پر موقوف ہے کیونکہ محبت خداوندی اسکی مقتضی نہیں کہ محبوب کی کسر شان ہو۔ اور عبودیت و عبدیت و استعانت جیسے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ ہم تجھی کو اپنا خاص بندہ بناتے ہیں یا مستحق عبودیت سمجھتے ہیں یا ہم خاص تیری ہی خدمت و بندگی کرتے ہیں موافق مضمون قُلْ يٰعِبَادِيَ الخ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ٥ وَاَنَا اَطْلُبُ رِضَاكَ الخ اور ہم خاص تجھی کو چاہتے ہیں یا خاص تجھی سے مدد چاہتے ہیں جیسا کہ نُوْا اَنْصَارَ اللّٰهِ۔

اور اصلیت و وصلیت جیسے حدیث شریف كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلٰى اَصْلِهٖ ٥ ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔ وآیت شریف كُلٌّ مُّيَسَّرٌ لِّمَا خُلِقَ ٥ اور جو جس کے لیے پیدا ہوا آسانی دیا گیا۔ وغیرہ وغیرہ

اور موافق مضمون فَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ہر علم والے سے اوپر ایک بڑھ کر علم والا ہے۔ خاص محبوب ذات کا مظہر مختص محمود بنا کر عرش عظیم رحمانی مقام قاب قوسین او ادنیٰ کا مالک کیا۔ اور قربت و معیت اور احاطت و شفاعت وغیرہ سے موصول فرمایا۔ بقول کسیکہ ع اللہ اللہ چہ جمال است بدین بو العجبی۔ اور کیا اچھا کسی نے کہا ہے ع آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری۔ پس اس بے انتہا بخشش کے کیا کہنے سچ ہے کسی کا شعر

ہر لطافت کہ نہان بود پس پردۂ غیب	ہمہ در صورت خوب تو عیان ساختہ اند

اس کی نمود اور قیمت و اظہار کا دن روز بازار محشر ہے جیسا فرمان رب العزت وَ کَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا ۵ سے ظاہر ہے فی الحقیقت تجھپر اللہ کا بے حد اور بڑا ہی فضل ہے چنانچہ یہی مضمون و اشارات نظم لاحق مین دیکھیے۔

وہان اعطا حق ہے یہ فترضی رضا جوئی	یہان کیا ناز محبوبی ہے ادنیٰ کی محبت کا

۵۳ پس یہ ساری بے انتہا بخششین اس آیت شریف وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ۵ یعنی عنقریب آپ کا رب آپ کو اس قدر عطا کریگا کہ آپ راضی ہو جاوینگے اور حدیث شریف مذکور یا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَکَ الخ کے مضمون سے آفتاب کی طرح بلکہ اوس سے زیادہ روشن ہین کیونکہ الفاظ یُعْطِیْ و تَرْضٰی و اَفْدَیْتُ و اَطْلُبُ کے لفظ و معنی سے ہمیشگی و دوام۔ اور اللہ کے دین و خوشنودی کا ثابت و متحقق ہونا ظاہر ہے اور حرف سَوْفَ و فَا اور حروف خطاب و ندا اور افعال اَفْدَیْتُ و اَطْلُبُ اور ضمائر عَلَیْکَ و اَنَا سے تحقق و تاکید اور قربت و محبت اور رضا جوئی دینو اور خوش کرنے مین بخوبی معلوم ہورہی ہے جیسا حدیث شریف مین آیا ہے کہ

اس آیت شریف وَلَسَوفَ یُعطِیکَ الخ کے نازل ہونے کے بعد اوس سردار محبوبان نے زبان فیض ترجمان سے ناز معشوقانہ کے ساتھہ بحیثیت محبوبی پیش کی اور ناز دلربائی سے فرمایا لَا اَرضٰی قَطُّ وَوَاحِدٌ مِّن اُمَّتِی ۝ یعنی مین ہرگز راضی نہونگا جب تک میری امت مین سے ہر ایک کو آتش دوزخ اور دوری فرقت سے نہ چھڑالونگا اور اپنے وصل ولقا سے بہرہ ورنہ کرلونگا۔ اور جنت مین اپنے ہمراہ داخل نہ کرلونگا۔ جو لوگ نابینا اور محروم شفاعت ہین وہ اس راز و نیاز کو جو طالب و مطلوب مین ہے کیا جانین اس لیئے کہ چمگادرون کو آفتاب کے حسن وجمال سے کیا سروکار۔ اور اندہے دلون کو جہل کے تاریک پردون سے نکلنا۔ دوری چہوڑنا مہجوری و محرومی سے منہ موڑنا دشوار۔

اور جس کسینے ایمان حقیقی کے عشق کے سلسلہ کی زنجیرون مین پہنس کر حضرت اویس رضؓ کیطرح جیسا چاہیئے وہ حسن خداداد معلوم کیا۔ اور محبت کے بندہ ہین اور ارادت کے زیور سے آرایش پاکر سراپا حبیب کی مثال کا محو ہوکر پوری پوری پیروی کی وہ جان لیگا۔ کہ یہان طالب مطلوب پر گرویدہ ہے۔ اور محبوب پردہ حبیب مین کلام فرمارہا ہی جس نے یہ فرمایا سچ ہے شعر

جز خدا قدر او نہ شناخت کس	کس خدا را ہچو تو نہ شناختہ

پس یہی سبب ہے کہ وہ پردہ اپنے حبیب کی صورت و سیرت و مثال و جمال و نقل و اصل مین کل بندگی و عبادت کا طالب ہے چنانچہ قول مبارک مَن رَاٰنِی فَقَد رَاَی الحَقَّ ط اسی کا شاہد بیان ہے۔ یعنی حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم کا یہ یہ فرمانا جسنے مجھے دیکھا بیشک اوس نے حق کو دیکھا کیا کچھ اس بیان کی گواہی دیتا ہے اور یہی مضمون نظم لاحق مین اور طرح سے مطالعہ فرمائیے۔

إِيَّاكَ نَعْبُدُ

تجھی پر کردیا موقوف کام اپنی عبادت کا	عبادت حق کو ہو مقبول تیری اطاعت سے حبیب

پس وہ مقبول بارگاہ ایزدی ہے کہ بغیر اوس کی اطاعت کوئی عبادت مقبول نہیں
ہوتی کیونکہ تمام کاروبار عبادت و عبدیت و عبودیت اوس حبیب کی پیروی و اطاعت کے
زیر سایہ موقوف ہو کر اوسکی معرفت پر منحصر ہوگئے اس لیے کہ اصل عبادت یہی معرفت ہے
موافق مضمون اس آیت شریف کے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ
ای لیعرفون یعنی میں نے جن و انس کو صرف اس واسطے مخلوق کیا ہے کہ میری عبادت
کریں یعنی میری معرفت حاصل کریں۔
محققین مفسرین نے یہاں عبادت سے معرفت مراد لی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ اصل
عبادت معرفت ہے لہذا جیسے اطاعت حق آپکی اطاعت و پیروی پر موقوف ہے اسی طرح
معرفت حق آپکی معرفت پر منحصر ہے۔ اور آپ کی معرفت بغیر آپ سے عکس حاصل
کیے ممکن نہیں۔ اور آپ کا عکس حاصل کرنا بدون آپ کی پیروی کے ہو نہیں سکتا
معلوم ہوا کہ جمیع عبادات و اطاعت حق ۔ اور جمیع مراتب عبدیت و عبودیت و معرفت
بے سایہ مبارک اوس کے اتباع و اطاعت و معرفت آنجناب والا ناممکن۔ ذات
مبارک سرور عالم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم چونکہ مظہر ذات جل جلالہ ہے جو ازلی و ابدی
ہے لہذا ذات حقیقی جل جلالہ کی معرفت آپ کی ذات والا صفات پر موقوف ہے
اے عزیز پہلے مربی لا بہر یا کہا۔ خود فرمان جل جلالہ ہے مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ
اَطَاعَ اللّٰهَ ۝ یعنی جو اس رسول معروف و مخصوص کی اطاعت کریگا فی الحقیقت
وہ اللہ کی اطاعت کو پہونچ گیا۔ اس آیت شریف میں مَنْ حرف موصول جس کے

معنی جو کوئی ہین اس کی عمومیت پر غور کیجیے کہ اس سے بے قید زمان و مکان کسقدر مطیع ثابت ہوتے ہین پھر حرف قد اور فعل ماضی اطاع کے تحقیق و تاکید مین فکر کیجیے کہ کس تاکید کے ساتھ اللہ کو آپ کی اطاعت مقبول ہے گویا آپ کی اطاعت خواہ کسی زمانہ یا کسی وقت یا کسی جگہہ مین کوئی شخص کریگا ایسا ہے کہ اوسنے اللہ ہی کی اطاعت کی خیال کیجیے کہ اس رسول خدا صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم کی اطاعت ہر جگہہ و ہر وقت مین درحقیقت خدا کی اطاعت ہے پس آپ کی اطاعت بجا لانے سے اللہ کی اطاعت ادا ہو جاتی ہے۔

ایسے مخلص محبت بھی یہی چاہتی ہے کہ اپنے تمام کاروبار محبوب پر چھوڑ دے جاوین اور بجمیع الوجوہ ہمہ تن کا ہو رہے پھر الیتہ وَ یُسَلِّمُوا تَسْلِیْمًا کے مضمون سے موافقت ہو جاوے گی یعنی اے ایمان والو تم اپنے کو جیسا تحویل کا حق ہے سب کا سب ہمارے حبیب کے سپرد کر دو چنانچہ کیا اچھا کسی کا قول ہے ع

عاشقی چیست بگو بندۂ جانان بودن

غضب انداز چاہت ہے عبادت کو اطاعت کا | کیا ہو تو اور مقبول و در حق اطاعت کا

شلہ اب یہان انداز محبت اور سودائے عشق کو خیال کیجیے کہ ذات پاک جل جلالہ نے اپنی عبادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر موقوف کر کے گویا عبادت ضمن طاعت مین قرار دیکر آپ کی اطاعت کو مامور بشرط فرمایا کیونکہ عبادت مین نیت شرط ہے نہ امر خواہ امر بھی ہو لیکن شرط نہین بخلاف اطاعت کے کہ اوس مین جہتہ امر شرط ہے نہ نیت اور جہتہ عبودیت اگرچہ یہ بھی پائے جاوین لیکن شرط نہین اس لیئے کہ عبادت وہ فعل ہے جو بغرض عبودیت ادا کیا جاوے اگرچہ اوس مین امر بھی ہو۔

اور اطاعت وہ فعل ہے جو بسبب امر ادا کیا جاوے اگرچہ اوس مین نیت بھی ہو لیس
گو دونون مین جہتِ امر مشترک ہوئی لیکن شرطِ امر کی فقط اطاعت مین مفہوم ہوئی لہذا اطاعت
ماموربشرط ہوئی۔ پس ماموروِ مقبول وہی عبادت ہے جو آپ سے تحت اطاعت ہے
اسی سبب سے بعد پیدایش خاکی آدم سب سے پہلا امر جو ظہور مین آیا ملائکہ کو آدم
ظاہر کے واسطے صورت سجدہ مین اطاعت کا حکم آیا فرمایا وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا
لِاٰدَمَ الآیہ یعنی اے حبیب ہمارے وہ وقت یاد کیجئے جب ہمنے ملائکہ سے کہا آدم کو
سجدہ کرو کیا ہی خوش قسمت ہے وہ خاکی جو نوری فرشتون کا مسجود بنا اور کیا ہی اچھا ہے
وہ نور جسنے خاکی مین ظہور کیا۔

اے جان جان سینہ نور مسجود جسنے کعبۂ جسمانی آدم مین ظہور فرمایا دائرۂ انوار کا مرکز تھا
اسی واسطے تمام انوار کو اوسنے اپنی طرف متوجہ کر لیا۔ پس سجدہ جو عبادت مین مقصود
ہے بلکہ اصل عبادت ہے وہی طاعت کے واسطے بطور تحیۃ حکم کیا گیا۔ یہان طاعت
کی مقبولیت کو خیال کیجئے کہ حق العبادت واقع ہوئی اور عبادت کی مقبولیت اوسکی تبع
مین حاصل ہوئی چنانچہ اسی مضمون کے موافق کسی کا شعر ہے شعر

بمقامیکہ نشانِ کفِ پائے تو بود	سالہا سجدۂ صاحب نظران خواہد بود
ذرا قُلْ یَا عِبَادِی پڑھ کہ کیا محبوبیت یان ہے	نہ جانا ہے ایسا ہی کسی کو حق عبادت کا

۱۹ اب اسی عبادت کے متعلق یہ اور مضمون ہے کہ ذات مطلق نے ذات محبوب
یکتا کو اپنی خاص عبدیت کے مقام کے واسطے پسند فرما کر اورون کو اوسکی عبدیت کیطرف
منسوب کیا اور فرمایا قُلْ یَا عِبَادِیَ الخ اے ہمارے حبیب کہئے کہ اے میرے
بندون جیسا حضرت مولوی معنوی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی اس کے متعلق یہ شعر

بندهٔ خود خواند احمد در رشاد | جملہ عالم را بخوان قل یا عباد

اسی معنی کی صراحت پر حجت صریح ہے۔ اب جو کوئی آپ کے ظل ہمایون مین حسب الحکم فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ٥ میری پیروی کرو اللہ تمکو محبوب کرلیگا۔ اس مرتبہ پر پہونچگیا اور اوس کے سراپا کو انوار حبیب نے گہیر لیا (موافق اس حدیث شریف کے مَا زَالَ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى أُحِبَّهُ فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا ٥ یعنی میرا بندہ اس غرض سے کہ مین اوسکو محبوب کرلون ہمیشہ بذریعہ نوافل میرا تقرب چاہتا ہے تو جب مین اوسکو محبوب کرلیتا ہون تو اوسکی سماعت بن جاتا ہون کہ اوسی سماعت سے وہ سنتا ہے اور اوسکی بصارت ہو جاتا ہون کہ اوسی بصارت سے وہ دیکہتا ہے اور اوس کا ہاتہہ جس سے وہ غلبہ پاتا ہے اور اوس کا پاؤن جس سے وہ چلتا ہے) اوس کو اللہ نے قرب خاص الخاص مین جگہہ دے کر اور اسم عبد اللّٰہ سے نامزد فرماکر محبوب عالم کر دیا بلکہ ہر ایک پر سروری و سرداری عنایت فرماکر اپنا محبوب بنا لیا۔ کیونکہ جب انوار اپنے حبیب خاص صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے اس آئینہ مین جلوہ نما پائے بہ محبت حبیب اوسکو بہی اپنی عبدیت کی طرف منسوب کیا نہ وہ عبدیت جو اوس حبیب کو زیبا ہے بلکہ عبدیت حبیب جو عبدیت حق ہے اوسکی طرف اس عبدیت کو نسبت دیکر تحت یَا عِبَادِیُ کرلیا۔ پس عبادت بیشک اسی کو لائق و زیبا ہے جسکا مثل غیر ممکن و ناپیدا ہے۔ ہان وہ احاطتِ کلی جو خاص اوس حبیب مظہر ذات حق خدا کے لئے ہے دوسرونکو اوس سے جزوی حصہ ہے کہ بسبب آپکی پیروی و تبع کے اونکو یہہ سرفرازی و مقبولیت حاصل ہوئی۔ کیا کہتے ہین اوس خاکی کے جو اس

مرتبہ و منزل بین راحت گزین ہے اسی واسطے حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا شعر

مپندار سعدی کہ راہِ صفا	توان رفت جز در پئے مصطفٰے
بناکر خاص محبوب اپنا عبداللہ فرمایا	یہی مظہر ہی محمودی عجب حسن و نزاکت کا

پس یہہ محبوب خاص محبوب ہے اور یہہ وہ عبداللہ مخصوص و مطلوب ہے جو مظہر ذات ہے اسی کے واسطے مقام محمود آراستہ ہوا ہے اور اسی کے قدمون تلے سارے عالم نے نشو و نما پائی ہے۔ اور یہی سارے عالم کو گھیرے ہوے ہے۔ عجب حسن و جمال عالم آراسے آراستہ ہے کہ تمام عالم و عالمیان اوس سے پیراستہ ہی لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یعنی کوئی چیز اوس کے وصفی مثل کے جیسی بھی نہین ہے کہ ذات جل جلالہ کے اوصاف کمالیہ کے ساتھہ پوری پوری مطابقت حاصل کر کے مظہر بن سکے یا اوسکو باعتبار مظہریت ذات کے اوصاف کمالیہ کے ساتھہ پوری پوری مطابقت حاصل ہو بجز اس ذات پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلٰی آلہ وسلم کے پس اس ذات بابرکات کا مثل ذاتی و وصفی ہر دو ممتنع و محال ہے اور وہی ستودادوانا ہے شعر

تو کہ حسن ازل نگہداری	آفتاب رخت فروزان است

یہی وجہ ہے کہ خاص بندون کو بطور تنبیہ و تحذیر اس مقام کی رفعت و مرتبت کی نسبت حکم فرمایا۔ یَا عِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝ اے میرے بندو تو مجھسے ڈرو۔ یہان فَاتَّقُوْنِ مین حرف فا تعقیب کا ہے یعنی اللہ جل جلالہ خاسرین کو عذاب نار سے ڈرانے کے بعد مخلص بندونکو اپنے مقام سے کہ اوس کا عکس ذات

ہے ڈراتا ہے فرماتا ہے کہ یہہ جگہہ خاص میری ظلِ ذات کی ہے اس مقام سے پرہیز کرو اور باز رہو اس لیئے کہ یہہ جگہہ خاص میرے محبوب کی ہے اس مین دوسرونکی گنجایش نہین کیونکہ مظہر ذات بجز اس ایک کے کسی اور کا ہونا غیر ممکن ہے۔ چنانچہ اسی کی نسبت یہ حدیث بھی صادق ہے لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ ٥ میرے لیئے اللہ کے ساتھہ وقت خاص ہے جس مین ملک مقرب اور نبی مرسل کسیکی گنجایش نہین ہے۔ کسی کا شعر ہے خوب کہا ہے

تماشاے رخ خورشید خود دیکھے ملیم
ہمان بہتر کہ چون سایہ پس دیوار بنشینم

اور اسی بیان کی تائید نظم لاحق مین ملاحظہ کیجیئے۔

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ٥

تمھین ف۱۲۱ تو عین مظہر ہو سراپا حسن مطلق ہو
خدا چاہے نہ کیون تمکو عیان ہے راز وحدت کا

ف۱۲۱ یعنی اسی ذات عدیم المثل نے عین مظہر ہونے کے سبب اپنی ذات سے تمام صفات کمالیہ ذاتیہ و شانیہ و فعلیہ پر احاطت فرما کر حسن مطلق سراپا حاصل کیا اور صورت وحدت پیدا کی۔ لہذا حق خود کو اوس مین معاینہ کرکے طلبگار ہوا فرمایا اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ٥ یعنی ہم عین مخصوص تجھی کو سمجھتے ہین اور عین مخصوص تجھی کو چاہتے ہین اور خاص تجھی سے عون و نصرت کے خواہان ہین جیسا فرمایا یَااَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا اَنْصَارَ اللّٰہِ الخ اے ایمان والو اللہ کے مددگار بن جاؤ شعر

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایان
بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچنان باقی

واللہ اعلم بالصواب۔

اے عزیز اس ناچیز خاک آلودہ کو کیا طاقت جو کلام حق کو کہ حبیب حق کی شان مین

آراستہ ہے حق بہ حق ادا کرے ناچار حق کو سپرد کرکے یہ عرض کرتا ہے شعر

محمد سے صفت پوچھو خدا کی	خدا سے پوچھیے شان محمد
مدد کے تیری سب[۵۲۲] خواہان وسیلہ تجھکو جانا تو	بڑا امواج دریا ہے تیری استعانت کا

۵۲۲ مضمون دیگر یہ ہے کہ حبیب خدائی برتر نے تمام عالم کے واسطے تجھکو وسیلہ اکبر مقرر فرمایا اور معرفت حق تجھپر موقوف رکھی تو سارا عالم چونکہ اپنے حدوث محدود کے سبب ازلی حسن وجمال اور سرمدی حسب وکمال کی دید سے بسبب اوسکی بیحدی وبے مثلی کے متحیرہ تہا۔ لہذا اپنے اظہار کے واسطے حبیب اپنے کو اپنے حبیب کے آئینہ مین آراستہ کرلیا۔ یہہ حجاب اختیار کیا پس ناچار سب کو اوسی کی طرف بالضرور دامنگیر ہونا واجب ہوا لہذا ارشاد ہوا فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ج (ترجمہ من اولہ الی آخرہ) - اس دین مین کچہہ جبر نہین کیونکہ اسکی مضبوط ودرست راہ بمقابلہ بے راہی خوب کہل چکی اور واضح ہوگئی ہے اب جو کوئی مفسدات ومنکرات سے منکر ہوکر اللہ پر ایمان لانے کی راہ راست اختیار کریگا اور اسپر چلے گا یا اللہ پر گرویدہ ہوگا اوسی نے وہ عروہ وثقیٰ تہام لی اور وہ مضبوط ڈور پکڑلی جو ٹوٹنے والی نہین اور نہ اوس مین کبہی ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔ اور اللہ سنتا ہے جانتا۔

اور اوسی کے وسیلہ واستعانت کی سب کو ضرورت واقع ہوئی جیسا فرمایا وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَةَ الخ اور وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ یعنی اوسی کی طرف وسیلہ کے متلاشی ہون۔ اور تجہی سے ہم سب مدد کے خواہان ہین۔

اس بیان سے معلوم ہوا کہ کسیکو اوس حبیب کے احاطہ سے فراغ نہین ہے اور نہ کوئی اوس کے گہیرے سے باہر بلکہ وہ محیط عالم ہے سب کو اوسکی جانب

ضرورت اور سب اوس کے ہر امر مین محتاج۔ تمام امور کلی وجزوی مین بغیر اوس کے
چارہ نہین۔ لہذا غور کیجئے کہ آپ کی استعانت کے بحر امواج کی کیا تہاہ (یعنی گہرائی) اور کیا انتہا
حقیقت مین ایسی استعانت و وسیلہ آپ ہی کو شایان ہے۔

لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا کا کہنا ہی	وہ تم ہو مغفرت خواہان جو برسا ابر رحمت کا

۲۳ پس جس نے اس عروہ وثقیٰ اور اس حبل متین کو تہام لیا۔ اور آپ کا دامن شریف
ہاتھ سے مضبوط پکڑ کر آپ سے مدد و وسیلہ طلب کیا ضرور مقبول ہوگیا اور بخش دیا گیا
کیونکہ بوجہ رحمۃ للعالمینی کے آپ کا تقاضائے رحمت۔ پھر آپ کی حرص و محبت
بحال امت (جیسا ارشاد ہوا حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ ۝
و یَا رَبِّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ ۝) ہرگز اس بات کی مقتضی نہین کہ آپ شفاعت و سفارش
وطلب بخشش سے دست بردار ہو جائین یا ہاتھ کہینچ لین۔ اس لئے کہ خود
کلام الٰہی اور پھر آپ کا ارشاد بطور نص قطعی و شہادت بین کے شفقت و بخشش امت
پر حجت قاطع و دلیل روشن ہے۔ اور حَرِیْصٌ صیغہ مبالغہ آپ کے کمال حرص
کو از راہ شفقت خود کلام حق سے ظاہر کر رہا ہے کہ وہ حبیب تم پر کسی قسم کی مشقت
گوارا نہین کرتا بلکہ اوسکو تمہاری بڑی حرص ہے اس بات کی کہ تم اوس کے سایۂ رحمت مین
داخل ہو اور کسی مشقت و دکھ مین نہ پڑو۔ اور آپ کا مکرر اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ اے رب کہہ کر
فرمانا کس قدر پیار الفت و شیفتگی۔ محبت کو جانب امت لئے ہوئے ہے
کہ بیان نہین ہو سکتا۔ اے وائے بر ما کہ بر خداوندی و رحمت و شفقت اور سچ یہ
کہ ہم سے زیادہ ہماری جانون پر شفیق و رحیم ہین سوائے اسکے کہ حق جل وعلیٰ خود
صاف صاف اس قصہ کو بیان فرماتا ہے اور آپ کی مقبولیت و مغفرت اور رحمت

اور اپنی توجہ کا ثبوت اور تاکید۔ اور آپ کی رحمت و قبولیت اور یافت و منظوری کا اظہار فرماتا ہے۔ ارشاد کرتا ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ یعنی جب وے اپنی جانون پر ظلم کر کے یعنی گناہ کر کے کسی وقت و کسی جگہہ مین آپ کے پاس آوین اور آپ سے یا آپ کے وسیلہ سے اللہ کی جناب مین مغفرت کے خواستگار ہوں اور آپ سا رسول اون کے واسطے بخشش طلب کرے تو وہ ضرور اللہ کو نہایت متوجہ اور بڑا رحم کرنے والا پائینگے۔

اب یہان خیال کیجیے کہ آپ کی طلب بخشش پر رحمت و رجوع حق کا کسقدر رجحان ہے اور اللہ کی رحمت و رجوع و توجہ آپ کی طلب کی کتنی خواہشمند و رضا جو ہے۔ اور حرف لام تاکید و تحقق وَجَدُوا بصیغہ ماضی اور تواب و رحیم الفاظ مبالغہ سے کیا کچھہ تاکید و تحقق و مبالغہ اس رسول مقبول کی بخشش طلبی پر رجوع و رحمت خدا کا پایا جانا مفہوم ہوتا ہے۔ غور کرو کس قدر شفقت و محبت و قبولیت خدا جانب حبیب برس رہی ہے

رحمت خدا تمام ادھر ہی برس پڑے	ہو جائے ذرا بھی جدھر ایماے محمد ﷺ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

تمہین ہادی ہوا تمہین آئینہ حق ہو ۹۲۴	تمہارا جو ہی دیوانہ وہ ہو استقامت کا

۹۲۴ یعنی جب یہہ حبیب حق جیسا کہ سابق نظمون مین بیان ہوا آئینۂ ذات حق ٹھیرا تو ہدایت و معرفت اور جو کچھہ حق تک پہونچنے کے ضروری اسباب ہین وے سب اسی پر منحصر ہوئے۔ پس جو کوئی اوس کے ساتھہ لگ گیا اور اُس عروۂ وثقی کو جس نے مضبوط پکڑ لیا اور ظاہری و باطنی پیروی کر کے اوس کے دل آویز حسن و خوبیوں

سے آراستہ ہو گیا۔ اور پوری گرویدگی و شیفتگی اوس کے ساتھ حاصل کرلی۔ اوس سے راہ استقامت پالی۔ اور منزلِ قدس مین جا پہونچا۔ اور وَادْخُلِي جَنَّتِي ۵۱ مین داخل ہو گیا اور ہدایت مستقیم اور راہ راست کا مورد بن گیا۔ اور مطلوب اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۞ کو پہونچ گیا۔ یعنی ہمکو راہ راست کی رہنمائی فرما اور یہی إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۞ ہے یعنی ہم اللہ ہی کے واسطے ہین اور اوسی کی طرف ہم پہرنے والے اور گذرنے والے ہین۔ اخر الامر صاحب صلوٰۃ و صاحب رحمت اور فلاح یاب۔ اور حق کی بشارت سے خوشخبری پانے والا ہو گیا۔

۵۱ اور میرے باغ مین داخل ہوجا ۱۲ منہ

۲۵ عجب چاہت خدا کی ہے جدہر محبوب کا رخ ہو	وہین بارانِ رحمت ہو وان دریا ہدایت کا

۲۵ اس لئے کہ آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ۞ اور حدیث قدسی أَنَا أَطْلُبُ رِضَاكَ يَا مُحَمَّدُ الخ کے الفاظ سے جیسا کچہہ رضا جوئی و کمال محبت ظاہر ہو رہی ہے۔ وہ حبیب جو کچہہ از راہ محبوبی خواہش کرے۔ اور اللہ تعالیٰ بہی اپنے حبیب کی خوشنودی معلوم کرے۔ اور رخ محبوب جدہر متوجہ ہووے رحمت خدا کا مینہہ اودہر ہی برس پڑے۔ اور ہدایت کا دریا جوش مارنے لگے بلکہ یہانتک لطفِ حق اوس کو گہیر لیوے کہ رحمت اوس کے لئے جان فروشی کو تیار ہو جاوے اور ہدایت اوس پر شیدا ہو جاوے۔ کیونکہ موافق مضمون ان آیات شریفہ کے اَلنَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ الخ یہ نبی مومنین کے ساتھہ اونکی جانون سے بہتر ہے۔ اور عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۞ اوس پر شاق گذرتا ہے یہ امر کہ تم تکلیف پاؤ۔ تم پر حریص ہے یعنی تمہاری تلاش رکہتا ہے۔ ایمان والون پر نہایت شفیق اور نہایت مہربان ہے یعنی وہ

وہ حبیب حق بہ نسبت مومنین امت کے مومنین کی جانون کا بہت ہی بہی خواہ
اور اونکے حق مین پوری حرص ورافت وشفقت ورحمت بتاتا ہے اور لفظ اَولیٰ صیغہ
تفضیل اور عَزِیْزٌ و حَرِیْصٌ و رَؤُفٌ و رَحِیْمٌ الفاظِ مبالغہ صفت مشبہ۔ آپکے
غلبۂ محبت اور شیفتگی و جان فروشی کو کسقدر امت کے حق مین خواہش مند
ہین اور در اصل یہ محبت و شیفتگی کا غلبہ بسبب اُمِّیَّتُ نبی امی یعنی اصل ہونیکے
ہے۔ کیونکہ آپکی امت آپ کے سایہ کے ضمن مین ہو جانے کے سبب آپ سے
وہ نسبت رکھتی ہے۔ جیسا جزو کو کل سے ہے اور کل کو جزو سے یا ذات کو صفات
سے ہے اور صفات کو ذات سے اور یہ اس سبب سے ہے کہ اپنا حسن و جمال
آپ ہی کو زیادہ محبوب ہوتا ہے اسی واسطے فرمایا اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَّیُحِبُّ الْجَمَالَ
اللہ کمال صاحب جمال ہے اور صاحب جمال کو دوست رکھتا ہے۔ اور یَا رَبِّ
اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ ؕ کی تکرار و تقاضا بھی اسی منشا سے ہے۔

دکھا کر جلوۂ قدر سراپا و قیامت کا	۵۲۶ محبت کے یہ جلوے ہین جیسے چاہا کیا مجنون

۵۲۶ لیس یہ سب جلوے ناز و نیاز کے بہ تقاضائے محبت ہین کیونکہ اوس جمیل
بے عدیل نے اپنا حسن سراپا و جلوۂ قدرت اوس قامت مین جو نمونہ قیامت ہے
جلوہ گر کرکے اور یہ سارے افسون پھیلا کر ہر ایک کو اپنا مبتلا بنایا۔ اب جس نے
حقیقت و معرفت کی نظر سے اوسے دیکھا مثل مجنون دیوانہ و گرفتہ ہو گیا۔ اور
مانند حضرت اویس رضؓ شیفتگی و ازخود رمیدگی اختیار کی بقول شخصے شعر

وگرنہ کیست کہ آسودگی نمیخواہد	محبت است کہ دل را نمی دہد آرام

حاصل یہ کہ لیلی کے واسطے چشم مجنون چاہیے کسی نے کیا خوب کہا ہے

ع دیدن روے ترا دیدہ جان بین باید۔ پس راہ راست یہ ہے اور صراط مستقیم یہ ہے کہ لام تعریف اوس کے مقصود و مقررہ ہونے پر دلیل ہے۔ اور یہہ قران بھی اسی مقام و مضمون کے متعلق و مطابق ہے۔ وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ٥ اور کیا تم اپنی جانون مین نہین دیکھتے ہو۔ وَمَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ ٥ اور جس نے اپنی جان کو پہچانا اوس نے اپنے رب کو جان لیا۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ

جو عشق یار مین کامل ہوا بیدین واصل	وہی محبوب یکتا ہی سراپا حسن فطرت کا

۲۷ پھر جب کسی کی دیوانگی و شوریدگی اس حد کو پہونچگئی۔ اور جو عشق یار مین کامل او ترا اور جس نے خود کو اوس محبوب کے اوصاف تضمینی مین موافق پایا۔ اوس نے تمام خدا کی نعمتین اپنے مین مشاہدہ کین وہ موافق اس کلام پاک کے کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِهٖ ٥ وَکُلٌّ مُیَسَّرٌ لِّمَا خُلِقَ ٥ واصل بحق ہوگیا۔ (یعنی ہر شی اپنی اصل کی طرف پھرتی ہے۔ اور ہر آسانی دیا گیا اوسی سے لیے ہے جس کے واسطے پیدا ہوا) اور وہی اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کا مصداق قرار پاکر نعمت والون مین جا شامل ہوا یہانتک کہ مرتبہ محبوبیت سے فائز ہوکر سراپا حسن بنگیا اور خلعت محبوبی اور جامہ حسن یکتائی آویزی زیب اوسی نے کیا۔ الحاصل مضمون اَلْفَقْرُ اِذَا تَمَّ فَهُوَ اللّٰهُ ظاہر ہوا۔ یعنی یہہ احتیاج جو جانب محتاج الیہ ہے جب پوری ہوگئی۔ اور اس نیاز سے بی نیازی ہوئی۔ پس وہ خدا سے بے نیاز کی صفت سے بے نیازی مین محو و گم ہوا لَا یَصِلُ اِلَی الْکُلِّ اِلَّا مَنِ انْقَطَعَ عَنِ الْکُلِّ نہین پہونچتا ہے کل کو مگر وہی جو کل سے

منقطع ہو جاوے۔ اب بجز ذات بے نیاز کے کون مستقل ہے بیشک اللہ مستقل حقیقی ہے اور ماسوی اللہ یہ تمامہ فانی۔ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ۝ وَكَلَامُهٗ حَقُّ الْكَلَامِ

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ ط

عجب الغام ہین حق کے جدائی کے کہان کھٹکے	غضب سے ہو گیا ایمن اثر یہ ہے محبت کا

۵۲۸ جائے غور ہے کیا کیا کرشمے محبت نے دکھلائے۔ اور کس قدر بے حد و بے شمار آثار و نتیجے پھیلائے اور کیسی خدا کی نعمتین اور بخششین تمام جہان و جہان والون پر ایثار فرمائین۔ اور ابر رحمت کی طرح موسلا دہار برسائین۔ نہ زبان کو طاقت کہ اوسکو بیان کر سکے۔ اور نہ قلم مین قدرت کہ تحریر مین لا سکے۔ یہ اوسی محبوب کا طفیل ہے کہ تمام عالم جسکا طفیلی ہے۔ جو اوس کے خاص طفیلی ہین وہی ناز محبوبی و اصرار دلربائی کے لائق ہین۔ اون کو غضب سے کیا واسطہ۔ اور وہان غضب کا کیا دخل۔ کلام حق غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ ط انہین محبوبون کی شان مین ہے اور یہی حضرات یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ کے منشا و مورد ہین۔ اور اپنے متبعین و ماتحتون کے لئے ابر رحمت کیون نہین ع کی فرشتون کی راہ ابر نے بیت دہ یہ سب ہے نتیجہ محبت کا اور یہ اثر ہے الفت کا۔ جو اس دائرہ مین داخل ہوا وہ غضب سے محفوظ رہا۔ اور رحمت سے بھرپور ہوا۔

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۵۲۹ بھلا مجنون بھی بہکا تا لیلیٰ جو بھکتا ہو	سراپا وہ تو لیلیٰ ہے اوسے کیا غم ضلالت کا

۲۹ یہی مضمون یہان بھی مراد ہے اس لئے کہ جس نے عشق و محبت مین کمال حاصل
کیا۔ اور یار کا جلوہ و ظہور اپنے مین پایا خود کو محبوب جانکر اپنی اپنی استعداد و توفیق
کے موافق کسی نے اَنَا لَیْلیٰ کہا۔ اور کسی نے نعرۂ اَنَا الْحَق مارا پردہ غیریت
کو اوٹھادیا حقیقت توافق و عینیت کا لحاظ نہ کیا۔ بلکہ صورت توافق و تطابق کو عین
جانکر مشاہدہ مین مستغرق ہوگئے اور خود سے وارستہ ہوکر خودی سے چھوٹ
گئے۔ جہان خود و خودی کا پتہ نہ ہو وہان غم ضلالت کا کیا ذکر اور اوس جگہہ گمراہی
کا کیسے گذر ہو۔ اور اونکو آوارہ گردی سے کیا مطلب یہہ دیوانگانِ حق بقول
اَلْمَجْنُوْنُ مَعْذُوْرٌ مرفوع القلم ہین۔ بیشک یہہ قول حق ہے جو حق وَلَا الضَّآلِّيْنَ
فرما رہا ہے۔ اے صاحب والست سمجھہ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ کون
ہین یعنی اونکو نہ خوف ہے اور نہ وے غم کرین گے۔ يَا اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ
ارْجِعِيْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ وَادْخُلِيْ
جَنَّتِيْ ۝ پس اے نفس مطمینہ راضی باری اپنے رب کی طرف ہو لے وہ تجھے راضی
تو اوس سے راضی۔ اور میرے بندون مین جا مل اور میری جنت مین جا بیٹھہ مناسب
مقام غزل از مولف

امروز وصل جانان پیدا شدہ است مارا — نازو نیاز جملہ گردیدہ شد قضا را
آن روئے بے نقابی چشمم کرئی حجابی — باید هراز دیدہ بیرون کشم حیا را
این دیدہ بر نتابم این روے بر نہ بیچیم — ای وای این چنینست نظارہ خود آرا
زلفت کہ ماسوی اسد روئیت کرد دیدہ الصد — زنجیر پائے طوطی آئینہ حدارا
(اگو دید ن)
بلبل چہ نغمہ سنجی گلچین و سنبلش بین — نرگس بہ بین و سوسن لالہ چنین دل آرا
این سرو جو بیاری این نزہت و تراوت — این مخزان بہاری فردوس منزل آرا

یاری چنین نگاری بر دوست چشم داری	منت پذیر جانان تحسین و مرحبا را

آمین ۵

شعر ۵۲ اب آگے جا آمین سے عجب مقبول گلچین ہے	ہے ادنیٰ منی ہی پتہ کیا اوسکی خلوت کا

ش ۵۲ اب اوس آمین وحی الٰہی کا مقام مقبولیت ہے جو اللہ کی معرفت اور بھیدون کا گنجینہ ہے۔ اور جو ذات باری کی تجلیون کا جائے قرار واقع ہوا ہے۔ اور جو فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَا اَوْحٰی ۵ کا مقصود ٹھہرا ہے۔ اور جو مرتبہ فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ۵ مین مقبول ہوا ہے۔ پس اے عزیز تو ہی آمین کہہ اور مامون ہو جا اس لئے کہ یہ آمین گلزار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا گلچین ہے۔ اور ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی کے چمنستان مین پہونچ چکا ہے۔ اور کیسے نہ ہو کہ اُدْنُ مِنِّیْ سے مخاطب ہو چکا ہے۔ اس مقبول جمال ازلی اور حدیقہ بہار سرمدی کو خلوت خاص لایزالی مین وہ ربودگی و تیز روی ہے کہ مخلوق مین کسی کو اوس تک بار نہین ہے لہذا حدیث لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ ۵ اسی مضمون سے شکربار ہے۔ اور جو راز و نیاز کہ اوس مقام و مرتبہ کے لائق ہین کوئی اوس سے خبردار نہین ہے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ وَالْقَرَارُ شعر

ہان مشو نا امید چون واقف نئی ز اسرار غیب	باشد اندر پردہ بازیہای پنہان غم مخور

شعر ۵۳ نیاز و ناز کی باتین وہی جانین جو واقف ہو	ملائک سے یہ پوشیدہ ہین مضمون قربت کا

ش ۵۳ پس یہ راز و نیاز وہی جانے جو اسرار عشق سے واقف ہو شعر

میان عاشق و معشوق رمزیست	کراما کاتبین را ہم خبر نیست

اور کہتے ہین کہ یہ اللہ کی امانت عظیم ہے تمام مخلوق نے اس بار سے متحمل نہ ہو کر اٹھانی سے انکار کیا خاص کر ملائکہ اگرچہ نورانی تھے جب دید انوار سے قربت تجلیات آلہی کو انھون نے سامنے نہ کیا ڈر گئے اور موافق حکم وَاسْجُدُوْا وَاقْتَرِبْ بطرہ عجز و خاکساری سجدہ مین جھک گئے یعنی سجدہ کرو اور قربت نزدیکی پاؤ۔ اور موافق قول نزدیکان رابیش بود حیرانی یہ آدمی جہل و نادانی پر مقرر ہو گیا لیکن انسان خاکی کہ ظلوم و جہول تھا دیوانگی مین قبول ہو کر اور حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا کے خطاب سے سرفرازی پاکر مشہور کر دیا گیا یہی وجہ ہو کہ اس گل حکمت کو تخم عشق بیت مین کرنے کے لیے شراب محبت کی بوتل اوس پر لنڈھا دی۔ اور تمام عالم مین اوس کی شہرت پھیلا کر فتوی آخر نشہ کا اوس کے حق مین دے دیا گیا۔ بقول حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

شعر

آسمان بار امانت نتوانست کشید	قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند
سر تسلیم خم ہو کر کرو تم بھی بیان مطلب ۹۳	حبیب حق کی مدحت ہے محل ہے یہ اجابت کا

۹۳ اے عزیز یہ مقام اللہ کے حبیب کی مدحت کا ہے جو اللہ کے کلام سے ہے اس سے بہتر اور کون سا موقع و محل اجابت و قبولیت کا ہوگا۔ یہ مدح سرور عالم حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کا سودا اس گنہگار نے صرف اجابت کی خریداری کی غرض سے مول لیا ہے۔ آ اور سر تسلیم خم کر کے عرض حال کر اور آرزو مانگ موافق کلام حضرت حافظ کے کہ کیا موتی پرو دیے ہین۔

اشعار

یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور	کلبۂ احزان شود روزے گلستان غم مخور
اے دل غم دیدہ حالت بہ شود دل بد مکن	وین سر شوریدہ باز آید بسامان غم مخور

۳۳ مددیہ حق کی آپہونچی مبارک فتح لو چمکی	ہوا محبوب کا جلوہ یہی ہے وقت دولت کا

۳۳ اب دیکھہ خدا کی مددیہ پہونچ گئی کہ بذریعہ فاتحۃ الکتاب تونے مبارک فتح حاصل کی اور جلوہ محبوب حق تونے ایسے درخشان مطالب کے ساتھہ معاینہ کرلیا پس یہی دولت ہی یہی نعمت ہے اور یہی ثروت - اور تونے دیکھہ لیا کہ اس جگہہ کیسی کیسی عجیب وغریب انواع سے رنگین خوبیون کے ساتھہ دولت وثروت کا ظہور ہورہا ہے بیشک یہی غلبہ حق اور اسلام کی شان کے شایان ہے جیسے فرمان ہیبت نشان اِذَا جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۵ سے عیان ہے یعنی جب حق آگیا باطل مٹ گیا۔

پس اے عزیز جب حق کی طرف سے یہ عطیہ مبارک تیرے لیے حرز جان ہے تو تو پہر کیون حیران وپریشان ہے - تمام آفات وبلیات کی روک کو یہی ایک قلعۂ مضبوط اور یہی جائے امان ہے یہی سب دردون کا درمان ہے - اور تمام دینی ودنیوی مطالب ومرادات - اور ظاہری وباطنی مقاصد وکمالات - اور سب قسم حسنات ومعطیات عالم ظاہری واُخروی وجسمانی وجنانی وقلبی وروحی کا ذریعہ حصول وواسطۂ وصول یہی تیغ بُرّان اور یہی عروس زبان ہے بحمد اللہ المنان وببرکۃ حبیبہ صاحب الجود والاحسان وعلیہ التکلان فی الدہور والاوان برحمتک یا ارحم الراحمین والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ محمدؐ وآلہ واصحابہ اجمعین۔

۳۴ خدایا کر عطا کامل مرور کی ہین سب سائل	کہ ذکر دوست ہے شامل الٰہی باب نعمت کا

۳۴ خداوندا ہم سب گدا تیرے آستانہ پر سائل ہین تیری نعمت کے دروازے تیرے حبیب کے ذکر سے جو سراسر رحمت ہے کھٹکھٹا کر فتح باب کرتے ہین - صدقہ اُس

حبیب اور اوس کے ذکر کا ہم سب بے نواؤن کی خالی جھولی اور خشک پیالی کو اپنے عطیۂ لازوال
ور نعمت مالا مال سے بہرہ دے شعر

نصیب ماست بہشت ای خداشناس برو	کہ مستحق کرامت گناہگار انند
۱۳۴ درودِ حق محمد پر محمد حق کی نعمت ہے	خدا کا شکر و احسان ہے یہ گنجینا نور برکت کا

۱۳۵ اے خدا اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم پر جو تیری خاص نعمت
رحمت ہے درود لائق بھیج بڑا شکر و احسان ہے کہ تو نے ایسی نعمت ہم پر
بخشی اور اپنا نور و برکت ہمارے واسطے ظاہر فرمایا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَكَمَا تُحِبُّہٗ وَتَرْضَاہُ وَشَفِّعْہُ فِیْنَا
وَتَرْحَمْنَا بِہٖ ۔

اشعار دعاء

تو دستگیر شو ای خضر پی خجستہ کہ من	پیادہ میروم و ہمرہان سوارانند
خلاص حافظ ازان زلف تابدار مباد	کہ بستگان کمند تو رستگارانند

بالخیر